معالم العرفان فی دروس القرآن جلد ۱۴

حضرت العلامہ مولانا صوفی عبدالحمید صاحب سواتی مدظلہ اپنے علمی، دینی، تدریسی، حدیثی اور قرآنی خدمات کے پیش نظر اپنا وسیع حلقہ رکھتے ہیں ان کے علمی خدمت اور تصنیفی و تالیفی کاوشیں علمی حلقوں سے زبردست خراج تحسین وصول کرچکی ہیں معالم العرفان فی دروس القرآن، موصوف کے قرآنی افادات کا مقبول ترین سلسلہ ہے۔ علماء، مدرسین، واعظین اور اساتذہ اس سے استفادہ کرتے اور اسے استناد کی حیثیت دیتے ہیں، اب اس کی چودھویں جلد بھی منظر عام پر آگئی ہے جو سورۃ لقمان سے الصّٰفّٰت کے دروس کو محیط ہے معارف العرفان الحق کے قارئین کے لیے کوئی نئی چیز نہیں اس لیے مفصل تبصرہ کی ضرورت بھی نہیں ہے، اہل علم اور الحق کے قارئین یقیناً اس کی بھی قدر کریں گے اور اپنے سیٹ کی تکمیل کے لیے مکتبہ دروس القرآن فاروقی گنج گوجرانوالہ سے ۸۰۸ صفحات کی عمدہ ترین تفسیر، مضبوط اور گولڈن جلد بندی اور شاندار کاغذ اور بلند ترین معیار طباعت ۲۰۵ روپے میں منگوائی جاسکتی ہے۔

دروس الحدیث

یہ کتاب بھی حضرت مولانا صوفی عبدالحمید سواتی مدظلہم کے حدیثی افادات کی اشاعت کا نقش آغاز (حصہ اول) ہے عوام الناس کے عقائد اعمال کی اصلاح کے لیے موصوف جامع مسجد نور میں درس قرآن کی طرح بدھ اور جمعرات کو درس حدیث بھی دیتے رہے مشارق الانوار، بخاری ترمذی، مسلم، ابن ماجہ، الترغیب والترہیب کے بعد اب مسند احمد کا درس شروع ہے جسے محفوظ کرنے کے بعد پہلی جلد منصہ شہود پر لائی گئی ہے اگر دروس القرآن کی طرح ابتداء ہی سے دروس الحدیث کی حفاظت واشاعت کا آغاز ہی سے اہتمام کیا جاتا تو آج ایک عظیم حدیثی انسائیکلو پیڈیا وجود میں آجاتی۔ اب جو کچھ بھی ہے بسا غنیمت ہے احقر نے مطالعہ شروع کیا اس وقت تک نہ چھوڑا جب تک کتاب مکمل نہ کرلی، اہل علم، مدرسین، مبلغین اور عام لکھے پڑھے علم حدیث کے شائقین کے لیے گراں قدر سوغات ہے عمدہ طباعت شاندار کتابت۔ ۳۲۹ صفحات قیمت ۷۵ روپے۔ ملنے کا پتہ مکتبہ دروس القرآن فاروق گنج گوجرانوالہ۔

نجات دارین

بقیۃ السلف، امام لاہوری کے خلیفہ اجل حضرت العلامہ مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی مدظلہ کی تصنیف لطیف ہے تصوف اور سلوک و معرفت کی انسائیکلو پیڈیا اور از دل خیزد بر دل ریزد کا مصداق ہے، بہت ہی قلیل عرصہ میں اس کا تیسرا ایڈیشن بھی منظر عام پر آگیا ہے عمدہ کاغذ، شاندار طباعت، سنہری جلد بندی صفحات ۲۹۶ اور قیمت ۱۰۰ روپے، ملنے کا پتہ: دارالارشاد مدنی روڈ، اٹک شہر پنجاب۔